India appointed External Auditor of the Organisation for the Prohibition of Chemical Weapons (OPCW)

April 21, 2021

ہندوستان نے کیمیائی ہتھیاروں کی ممانعت کی تنظیم (او پی سی ڈبلیو) کا خارجی آڈیٹر مقرر کیا

21 اپریل، 2021

ہیگ میں کیمیائی ہتھیاروں کی ممانعت کی تنظیم (او پی سی ڈبلیو) کی ریاستی پارٹیوں کی کانفرنس نے 2021 میں شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے ہندوستان کے کمپٹرولر اور آڈیٹر جنرل (سی اے جی) کو او پی سی ڈبلیو کے خارجی آڈیٹر کے طور پر منتخب کیا ہے۔ یہ تقرری آج او پی سی ڈبلیو کانفرنس میں ایک انتخابی عمل کے ذریعے کی گئی تھی جہاں بیرونی آڈیٹر کے طور پر تقرری کے لئے ہندوستان کو دوسروں کے مقابلے زبردست حمایت حاصل ہوئی۔ ہندوستان کا انتخاب بین الاقوامی برادری کے ذریعہ ہندوستان کے رتبے کے اعتراف کے ساتھ ساتھ پیشہ ورانہ مہارت، اعلی معیارات، عالمی سطح پر تجربہ اور ہندوستان کے سی اے جی کی مسابقتی بولی کی وجہ سے عمل میں آیا۔

ریاستی پارٹیوں کے او پی سی ڈبلیو کانفرنس کے دوران ہندوستان کو دو سال کی مدت کے لئے ایشیا گروپ کی نمائندگی کرنے والی او پی سی ڈبلیو کی ایگزیکٹو کونسل کا ممبر بھی منتخب کیا گیا۔

نئی دہلی

21 اپریل، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.